# مختلف تہاذیب تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے سنٹر

## سوالات

سوال ا: ضلع ہیوگو کے سرکاری سکول (جونیر ہائی سکول) میں داخل ہونے کا طریقہ کیا ہے ؟

جواب: آپ جس شہر میں رہتے ہیں اس شہر کی تعلیمی کمیٹی کے شعبہ حصول تعلیم سے رجوع کیجیے اور ضروری طریقہ کار کو پورا کیجیے۔

سوال ۲ : ضلع ہیوگو کے سرکاری ہائی سکول میں داخل ہونے کا طریقہ کیا ہے؟

جواب : ہر سال مارچ میں داخلے کا امتحان ہوتا ہے۔ بچے کو یہ امتحان دینا پڑتا ہے۔ بعض سرکاری ہائی اسکولوں میں غیر ملکی طالب علموں کے لیے خاص داخلے کا امتحان سمیت سفارش سے ہونے والا داخلے کا امتحان ہر فروری میں ہوتا ہے۔ سرکاری ہائی سکول کے داخلے کے امتحان کے بارے میں ضلع ہیوگو کی تعلیمی کمیٹی کی ویب سائٹ سے معلوم کر سکتے ہیں۔

سوال ۳: ضلع ہیوگو کے سرکاری ہائی سکول میں سیشن کے بیچ میں داخل ہونے کا طریقہ کیا ہے ؟

جواب : جہاں آپ رہتے ہیں اس علاقے کے ایک سکول انتخاب کیجیے اور اس ہائی سکول سے رجوع کیجیے۔
اگر اس ہائی سکول کا پرنسپل بچے کے داخلے کو تسلیم کر لے تو سیشن کے بیچ میں داخل ہونے کا امتحان دینا پڑے گا۔ سیشن کے بیچ میں لیے جانے والے امتحان کی تاریخ، امتحان کے موضوعات جیسی تفصیلات کے لیے ہر ہائی سکول کا اپنا طریقہ ہے اس لیے جس ہائی سکول میں داخل ہونا چاہتے ہیں اس سے براہ راست رجوع کیجیے۔

سوال ۴: ہیوگو کے ضلعی آشی یا بین الاقوامی مڈل سکول یا ہیوگو کے ضلعی ہائی سکول میں داخل ہونے کا طریقہ کیا ہے؟

جواب : ضلعی آشی یا بین الاقوامی مڈل سکول کے داخلے کا امتحان ہر سال فروری میں لیا جاتا ہے۔ اس امتحان کے ساتھ انٹرویو اور مضمون نگاری کا امتحان بھی ہے ۔ اس امتحان کو دینے کے لیے شرائط ہیں۔ ان شرائط کے بارے میں آپ آشی یا بین الاقوامی

مڈل سکول کی ویب سائٹ دیکھ لیجیے۔
ضلعی بین الاقوامی ہائی سکول میں داخل ہونے کے لیے امتحان ہر سال فروری میں سفارش نامہ کے ساتھ لیا جاتا ہے۔ تفصیلات ضلعی ہائی سکول کی ویب سائٹ پر دیکھ لیجیے۔
سیشن کے بیچ میں داخل ہونے کے لیے سکول سے رجوع کیجیے۔

سوال ۵: کیا ضلعی سکول میں غیر ملکی طالب علموں کے لیے داخلے کا امتحان ہوتا ہے؟

جواب : جی ہاں۔ امتحان ہوتا ہے۔ ۲۰۲۰ء میں ضلعی کوبے کوہوکو کی تا ہائی سکول ، ضلعی اشیا ہائی سکول، ضلعی ای تامی کی تا ہوئی سکول ، ضلعی کا کو گاوا می نامی ہائی سکول اور ضلعی کو دے را ہائی سکول میں ہر سکول کے لیے تین تین غیر ملکی طالب علموں نے داخلے کا امتحان دیا تھا۔
داخلے کے امتحان کے بارے میں ہیوگو ضلعی تعلیمی کمیٹی کی ویب سائٹ پر معلوم کر سکتے ہیں۔

سوال ٦: اپنے ملک میں جو تعلیم حاصل کی تھی اس کی مدت جاپان کے مقابلے میں کم تھی۔ پھر بھی جاپانی ہائی سکول کا داخلہ مل سکتا ہے؟

جواب: جس طالب علم نے باہر کے ملک میں ۹ سال کی تعلیم حاصل کی ہو تب اسے داخلے کا امتحان دینے کی اجازت ملتی ہے۔ اگر تعلیم کی مدت ۹ سال سے کم ہو تو جونئر ہائی سکول کے گریجوایشن کی تصدیق کے متعلقہ قواعد کے مطابق اس طالب علم کی جونئر ہائی سکول کے بچے کے برابر کی قابلیت تسلیم کی جائے تو داخلے کا امتحان دیا جا سکتا ہے۔ تفصیلات کے لیے ہیوگو ضلعی تعلیمی کمیٹی کے ہائی سکول کے شعبہ سے رجوع کیجیے۔
078-362-9444(فون نمبر)

"مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے مدد کار" کے بارے میں

سوال ۷: ہیوگو ضلع کے سکولوں میں غیر ملکی طالب علموں کو اپنی مادری زبان سے مدد مل سکتی ہے؟

جواب: ہیوگو ضلع میں غیر ملکی طالب علم کی مدد کے لیے "مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے

مددکار" ہوتا ہے۔ جسے اس طالب علم کے سکول کی زندگی کی مدد کرنے کے لیے ضلع کی جانب سے بھیجا جاتا ہے۔ مددکار کو بھیجنے کے لیے شرائط ہیں۔ تفصیلات " مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے سنٹر"
کی ویب سائٹ پر دیکھیے۔
اس کی درخواست طالب علم کا سکول جمع کرتا ہے۔

سوال ۸: " مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے مدد کار " کیا کرتا ہے ؟

جواب : مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے مدد کار طالب علم کی مادری زبان کے ذریعے جاپانی سکول میں پڑھنے کے لیے مدد، پڑھائی کی مدد ، اور پریشانی کو دور کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

سوال ۹: مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے باقاعدہ مدد کار بننے کا طریقہ کیا ہے ؟

جواب: جب مددکار کی ضرورت پڑتی ہے تو مددکار کے لیے امتحان ہوتا ہے۔ جب امتحان ہوتا ہے تو مختلف تہاذیب کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے سنٹر کی ویب سائٹ پر بتایا جاتا ہے۔

سوال ۱۰: مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے جزوقتی مدد کار بننے کا طریقہ کیا ہے ؟

جواب : مختلف تہاذیب کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے سنٹر ہر وقت امیدوار کو بھرتی کرتا ہے۔
اس سنٹر کی ویب سائٹ پر درخواست نامہ ہے ، اسے ڈاون لوڈ کر کے بھر لیجیے پھر اسے سنٹر کو بھیج دیجیے۔

مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے سنٹر کے بارے میں

سوال ۱۱: مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے سنٹرمیں کس قسم کی مشورہ کیا جاتا ہے۔

جواب : مختلف تہاذیب کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے سنٹر میں غیر ملکی طالب علموں کی پڑھائی یا مزید پڑھنے کے بارے میں۔ یا جاپانی زبان کی پڑھائی، وغیرہ کے بارے میں مشورہ کیا جاتا ہے۔ بلاتکلف سنٹر سے رجوع کیجیے۔

سوال ۱۲: مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے سنٹر پر مشورہ کرنے کا طریقہ کیا ہے ؟

جواب : سنٹر میں آ کر مشورہ کرنے کے علاوہ

0797-35-4537 فون

0797-35-4538فیکس

ای میل mc-center@hyogo-c.ed.jp

ویب میٹنگ یعنی آن لائن بھی مشورہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ براہ راست سنٹر میں آنا چاہتے ہیں یا آن لائن مشورہ کرنا چاہتے ہیں تو پیشگی ہمیں بتا کر ریزرویشن کرائیے۔

سوال ۱۳: مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے سنٹر سے مشورہ کرتے وقت مترجم کو بلایا جا سکتا ہے ؟

جواب : جی ہاں، ایسے موقع پر پیشگی بتا دیجیے۔

سوال ۱۴: مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے سنٹر کی کتابوں کو کوئی بھی عارضی طور پر گھر لے جا کر پڑھ سکتا ہے ؟

جواب: جی ہاں، کوئی بھی عارضی طور پر گھر لے جا سکتا ہے۔ تفصیلات کے بارے میں سنٹر سے رجوع کیجیے۔

سوال ۱۵: کیا مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے سنٹر ہفتہ اور اتوار کو بھی کھلا رہتا ہے ؟

ہفتہ ، اتوار، اور قومی چھٹی کے دن بند رہتا ہے۔ جب کھلتا ہے تو صبح ۹ بجے سے شام کے پانچ بجے تک کھلا رہتا ہے۔

مزید سوالات

سوال ۱۶: بچے کو جاپانی زبان نہیں آتی ہے اس لیے فکر ہے کہ بچہ جاپانی کلاس میں پڑھ سکے گا؟

جواب: ضلع ہیوگو ،طالب علم کے جاپان آمد کے ایک سال بعد تک مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے مددکار کو سکول بھیجتا ہے۔ یہ مددکار اپنی مادری زبان میں پڑھائی اور سکول کی زندگی سے عادی ہونے کی مدد کرتا ہے۔

(مددکار کے لیے درخواست نامہ سکول جمع کرتا ہے) جاپانی سکول میں پڑھنے کے لیے جاپانی زبان آنا ضروری ہے آہستہ آہستہ پڑھتے جائیے۔ مختلف تہذیبوں کے بچوں کے اکٹھے رہنے کے لیے سنٹر مین جاپانی زبان سیکھنے کے لیے کتابیں موجود ہیں جن کو عارضی طور پر گھر لے جا سکتے ہیں۔ اور ہیوگو بین الاقوامی ملاپ
اسوشی ایشن کی ویب سائٹ کے ذریعے مختلف علاقے کی جاپانی کلاس کے بارے میں معلوم کر سکتے ہیں۔ اپنے اپنے علاقے کی جاپانی زبان کی کلاس میں بھی جاپانی زبان پڑھ سکتے ہیں۔ کوئی بھی مسئلہ ہو تو اکیلے پریشان نہ ہوں ، اپنی کلاس کے استاد یا دوسرے اساتذہ سے رجوع کیجیے۔

سوال : جاپانی زبان کہاں سیکھ سکتے ہیں؟

جواب: ضلع ہیوگو بین الاقوامی ملاپ اسوشی ایشن کی ویب سائٹ پر ہر علاقے کی جاپانی زبان کی کلاس کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔